© rasailojaraid.com



راز کاشمیری

# تعارف و تبصرۂ کتب

نام کتاب : قتلِ سحر (شعری مجموعہ)

مصنف : غافل کرنالی

ضخامت : ۸۰ صفحات

ناشر : ادارہ الحسنات - اچھرہ، لاہور

غافل کرنالی معروف شاعر ہیں ۔ بہت لکھتے ہیں اور بہت ہی خوب کہتے ہیں ان کا کلام عموماً خارجی حالات و واقعات سے متاثر ہوتا ہے لیکن وہ حالات و واقعات کو صحافیانہ انداز میں شعر کی صورت میں پیش نہیں کرتے بلکہ ایک حساس شاعر کی حیثیت سے جو کیفیت ان کے دل پر طاری ہوتی ہے اور جو شدید تاثر پیدا ہوتا ہے، اسے غزل کے خوبصورت پیرایہ میں بیان کر دیتے ہیں ۔ اس طرح ان کی شاعری ہنگامی، لمحاتی اور وقتی بنیادوں پر استوار ہونے کے باوجود مستقل، آفاقی اور رومانی صورت اختیار کر لیتی ہے ۔ وہ نمناک آنکھوں سے ظلم و تشدد کے واقعات کو دیکھتے ہیں اور سراپا احتجاج و سراپا فغاں بن جاتے ہیں۔

قتلِ سحر اسی حساس شاعر کا مجموعہ کلام ہے جو ڈاکٹر نذیر شہید کی شخصیت اور مشن پر کہی گئی نظموں پر مشتمل ہے ۔ شاعر نے خون کے آنسوؤں کو لفظی پیکر دیا ہے اور یہ لفظی پیکر اتنا ہی حسین ہے جیسا کہ شہید کا خونیں کفن!

© rasailojaraid.com

قتل سحر کیا ہے؟ اس کا جواب غافل صاحب کے ایک شعر میں پنہاں ہے ؎